حرفِ آغاز

قارئین محترم! الحمد للہ ''الاضواء'' سہ زبانی شمارہ نمبر ۲۵ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔اس مجلّہ کے لیے مقالہ جات کے انتخاب میں معیار کے ساتھ ساتھ تنوع موضوعات کو بھی مدِ نظر رکھا گیا ہے۔ امید ہے یہ مقالات اساتذہ کرام اور طلبہ عزیز کے لیے مفید ثابت ہوں گے۔

اہلِ علم و دانش سے درخواست ہے کہ وہ روایتی موضوعات کے پہلو بہ پہلو عصری تقاضوں اور مسائل پر اپنے مطالعہ اور فکر کے نتائج بھی متلاشیانِ علم تک پہنچانے کا اہتمام کریں۔

مقالہ نگار حضرات سے یہ بھی درخواست ہے کہ وہ اپنا تحقیقی مقالہ بھیجتے وقت اس بات کی تصدیق کرلیں کہ یہ پہلے سے شائع شدہ تو نہیں یا کسی اور مؤقر جریدہ میں اشاعت کی غرض سے بھیجا تو نہیں گیا۔

''الاضواء'' کو بہتر سے بہترین بنانے کیلئے آپ کی بیش قیمت آراء کے منتظر رہیں گے۔

ابوالوفا محمود علوی